Siasat Daily; Date: 04 Aug 2011; Edition: Hyderabad

عمیر اور مرتضی ممبئی میں بھی بہتر مظاہرہ کے لیے پر امید

ٹی سی ایس آئی ٹی کوئیز کی فاتح جوڑی سٹی ٹائیٹل سے مسرور

حیدرآباد۔ 3۔اگست: (سیاست نیوز): قومی اور بین الاقوامی سطح پر منعقد ہونے والے کوئیز مقابلوں کے متعلق شہر کے اسکولی اور کالج کے طلبہ میں کافی جوش وخروش پایا جاتا ہے اور ان مقابلوں کی طلبہ کافی سنجیدگی سے تیاری کرتے ہیں اس بات کا اندازہ سری چیتنیہ جونیر کالج کے طالب علم عمیر عبداللہ اور ان کے ساتھی سید مرتضی ہاشمی کی ٹی سی ایس آئی ٹی ویز میں کامیابی سے لگایا جاسکتا ہے۔ اس کوئیز

مقابلے میں شہر کے 100 سے زائد اسکولس سے ایک ہزار طالب علموں نے شرکت کی تھی جس میں عمیر عبداللہ اور ان کے ساتھ ہاشمی فاتح بن کر ابھرے۔ علاقائی سطح پر منعقد ہونے والے اس مقابلے میں کامیابی کے بعد مذکورہ جوڑی 27 نومبر کو ممبئی میں منعقد شدنی قومی سطح کے مقابلے میں شرکت کی اہل قرار دی گئی ہے۔ اس کامیابی کے بعد اظہار خیال کرتے ہوئے سید مرتضی نے کہا کہ وہ گذشتہ 3 برسوں سے اس مقابلے میں حصہ لے رہے ہیں اور اس کامیابی کے بعد ان کے دیرینہ خواب کی تکمیل ہوئی ہے۔ دریں اثناء ٹی سی ایس کے نائب صدر وی راجنا نے کہا کہ یہ کوئیز مقابلے طلبہ کے لیے ایک شاندار پلاٹ فارم ہیں جہاں انہیں نہ صرف انفارمیشن ٹکنالوجی کی تعلیم حاصل کرنے کا موقع ملتا ہے بلکہ وہ اپنی صلاحیتوں کو بھی پروان چڑھا سکتے ہیں۔ یاد رہے کہ یہ فاتح جوڑی فائنل میں 12 شہروں کے درمیان ہونے والے مقابلوں میں حیدرآباد کی نمائندگی کرے گی اور حیدرآبادی جوڑی فائنل میں بھی کامیابی کے لیے پر عزم ہے۔